RAMPUR GAZETTE

رامپور گزٹ

بحکم کونسل آف ریجنسی ریاست رامپور

نمبر ۱۶	روز دوشنبہ تاریخ ۲۱ - اپریل ۱۸۹۰ع مطابق یکم رمضان المبارک ۱۳۰۷ھ	جلد ۱

نام مضمون

فہرست مضامین

نمبر	فہرست مضامین	نمبر صفحہ
۱	حکم اجلاس کامل کونسل آف ریجنسی -	۱ و ۲
۲	احکام و اسپیچ پریذیڈنٹ کونسل -	۲ و ۳
۳	حکم جوڈیشل ممبر کونسل -	۳
۴	روبکار اجلاس صاحب اجلاس پریذیڈنٹ بہادر واقع ۵ اپریل ۱۸۹۰ع	۳ و ۴
۵	روبکار اجلاس صاحب اجلاس پریذیڈنٹ بہادر انچارج نواب جوڈیشل ممبر بہادر واقع ۲۲ مارچ ۱۸۹۰ع	۴
۶	روبکار اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر واقع ۱۰ - اپریل	۵
۸	روداد جلسہ کمیٹی تحصیل ... منعقدہ ۲۰ مارچ ۱۸۹۰ع	۵ و ۶
۹	نقشہ جات ... ۱ اپریل ۱۸۹۰ع	۶ و ۷
۱۰	نرخنامہ اجناس -	۸
۱۱	اشتہار فروخت کتبہائے سادہ موجودہ مطبع سرکاری	۸

حکم اجلاس کامل کونسل آف ریجنسی ریاست رامپور

آج بملاحظہ رپورٹ ممبران کونسل کی فہرست تعداد و کیفیت ملازمت و لیاقت کارکنان ... موجودہ سب محکمجات پیش ہوکر

۱ - ہر سہ صاحبان ممبران کا اجلاس یکجا ہوا کریگا - لہذا دو دفتر فضول ہیں صرف ایک دفتری ہر سہ صاحبان ممبران کے اجلاس واسطے کافی ہے صاحب ممبر مال بعد ملاحظہ کاغذ تجویز فرماویں کہ منجملہ دو دفتر کو کون رکھا جاوے اور نیز تقدیم و تاخیر ملازمت پر بھی اونکے خیال فرمایا جاوے تقسیم عملہ حسب ذیل کی جاوے -

۱۔ محمد صفدر علیخان صاحب اسسٹنٹ وائس پریزیڈنٹ بہادر کے
اجلاس مین محکمہ سنگہ تنخواہ دار بیس روپیہ پیشکار اور رام پرشاد
مشاہرہ دار اٹھارہ روپیہ ماہوار محرر رہین اور بجٹ صاحب
وائس پریزیڈنٹ بہادر سے تنخواہ پاوین۔

۲۔ قاضی زکی الدین احمد صاحب اسسٹنٹ جوڈیشل ممبر کے
اجلاس مین کشن کنور مشاہرہ دار پندرہ روپیہ ماہوار پیشکار
اور ضیاء الحق تنخواہ دار بارہ روپیہ محرر مقرر کئے جاوین اور شمول
بجٹ صاحب جوڈیشل ممبر بہادر تنخواہ پاوین۔

۳۔ لالہ پرمیشری داس صاحب اسسٹنٹ ریونیو ممبر بہادر کے
یہان سراج الدین احمد پیشکار تنخواہ دار پندرہ روپیہ و عزیز احمد
تنخواہ دار نو روپیہ ماہوار محرر رہین۔

۴۔ غلام محی الدین خان پیشکار اسپشل اسسٹنٹ جو بارہ روپیہ
ماہوار کا ملازم ہی بیشتر محکمہ بخشیگری مین تہا جہان سیاق وغیرہ کی
جگہہ خالی ہو اسکا تقرر کیا جاوے۔

۵۔ غلام ربانی محرر اسسٹنٹ متعینہ جوڈیشل ممبر چہہ روپیہ کی
تنخواہ پاتا ہی اور جولائی ۱۹۰۵ء کا ملازم ہی بوقت خلو سے جگہہ
صاحب ریونیو ممبر بہادر کسی جگہہ اوسکا تقرر فرماوین یہہ کل ملازمان
یکم اپریل ۱۹۰۹ء سے مطابق اس تجویز کے تنخواہ پاوین۔

صاحب ریونیو ممبر بہادر کے اجلاس سی احکام جاری ہون

شرح دستخط صاحب وائس پریزیڈنٹ بہادر — شرح دستخط صاحب ممبران بہادر

ودار کا پرشاد دفتری پڑا نوکر ہی بہ نسبت عبد الکریم کی لہذا عبد الکریم تخفیف مین آئے

اور احکام حسب ضابطہ جاری ہون درج گزٹ کیا جاوے

احکام وائس پریزیڈنٹ کونسل

تبدیلی

۱۷۔ اپریل ۱۹۰۹ء منظور حسین محرر کوتوالی بجائے فضل حق محرر
سپرنٹنڈنٹی سے تبدیل ہوا اور فضل حق محرر کوتوالی مین تبدیل کیا گیا

۱۷۔ اپریل ۱۹۰۹ء آج یہہ کاغذات پیش ہو۔ فرزند علی سب انسپکٹر
تہانہ سینگن کہیڑہ اپنی غفلت۔ اپنی کاہلی اپنی عدم احتیاط کے
باعث کورٹ انسپکٹری سے علیحدہ کرکے نائب کوتوال مقرر ہوے۔
وہان بہی باوجود آرام طلبی۔ آسائش تساہل کو کام دیا۔ آخرش
سینگن کہیڑہ مین تہانہ داری پر بہیجے گئے۔ کہیڑہ بہوٹ کی معاملہ مین
اونہون نے نہایت سستی سے کارروائی کی۔ اونکو جبکہ اطلاع ملگئی تہی
ہوئی تہی فوراً کوشش بلیغ کرنا چاہئے تہا۔ لیکن انہون نے اپنی
معمولی کاہلی کو زیادہ دخل دیا۔ جسکا نتیجہ یہہ ہوا کہ اس مقدمہ مین
زیادہ پیچیدگیان پڑگئین۔ علاوہ ازین اور بہی مختلف عنوان
اونکی شکایتین مسموع ہوئین اور نیز مقدمہ مگلیا عاقل ساہ
رانی بنام ممو وغیرہ الزام دفعہ ۳۶۶ ۔ ۳۴۲ و تعزیرات ہند
اونکی طرف سے بہت فروگذاشت و بے ضابطگیان عمل مین
آئین چونکہ وہ اپنے فرض منصبی کو انجام نہین دیسکے لہذا
معطل کئے گئے تہے اب غور کرنے سے معلوم ہوا
کہ اونکے رکہنے سے کچہ نفع نہین ہے